”عورتوں کے پاس جانے سے اجتناب کرو“ ایک انصاری شخص نے سوال کیا : یا رسول اللہ! شوہر کے قریبی رشتہ دار (بھائی، چچا زاد وغیرہ) کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا : ”شوہر کا قریبی رشتہ دار تو موت ہے“

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : ”عورتوں کے پاس جانے سے اجتناب کرو“ ایک انصاری شخص نے سوال کیا : یا رسول اللہ! شوہر کے قریبی رشتہ دار (بھائی، چچا زاد وغیرہ) کے بارے میں آپ کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا : ”شوہر کا قریبی رشتہ دار تو موت ہے“
[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے اجنبی عورتوں کے ساتھ اختلاط سے منع فرمایا فرمایا کہ خود کو عورتوں کے پاس جانے سے بچاؤ اور عورتوں کو تمہارے پاس آنے سے بچاؤ یہ سن کر ایک انصاری شخص نے عرض کیا : شوہر کے رشتہ داروں، جیسے شوہر کے بھائی، بھتیجے، چچا اور چچیرے بھائی وغیرہ، جن سے شادی شدہ نہ ہونے کی صورت میں اس کی شادی جائز ہوتی ہے، کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے جواب دیا: ان سے اسی طرح خبردار رہو، جس طرح موت سے خبردار رہتے ہو کیوں کہ شوہر کے رشتہ داروں کے ساتھ خلوت دینی فتنے اور ہلاکت کا سبب ہے باپ اور بیٹوں کو چھوڑ کر شوہر کے دیگر رشتہ داروں سے گھلنے ملنے کی ممانعت اجنبیوں کے بالمقابل تو بدرجہ اولی ہونی چاہیے کیوں کہ ان سے خلوت کے مواقع زیادہ رہتے ہیں اور برائی وفتنے کے امکانات بھی کہیں زیادہ رہتے ہیں ایسا اس لئے ہے کیوں کہ ان کی پہونچ عورت تک بآسانی ہوجاتی ہے اور ان کے لئے عورت کے ساتھ تنہائی کے مواقع پالینا بھی معمولی بات ہوتی ہے اور ایسا ہونے پر اعتراض کی گنجائش بھی کم ہوتی ہے عورت کا شوہر کے قریبی رشتہ داروں سے مکمل چھپ کر اور الگ تھلگ رہنا تقریب ناممکن ہوتا ہے اس معاملے میں عام طور سے تساہل بھی پایا جاتا ہے کئی بار بھابھی کے ساتھ تنہائی ہو جاتی ہے اس لیے یہ برائی اور بگاڑ کے معاملے میں موت جیسی ہے اس کے برخلاف اجنبی شخص سے تو اس سے احتیاط برتی ہی جاتی ہے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5888